# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو چہارم"، لفظی جیب، تین پرچیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور پر جوش آواز میں بچوں کو السلام علیکم کہیں اور اُن کا حال دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں کمپیوٹر سے متعلق سوالات پر مبنی پرچیاں تیار کر لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں اور ہر گروہ کو ایک ایک باجا دے دیں۔
- اب پرچیوں میں سے کوئی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پوچھیں۔ جو گروہ پہلے باجا بجائے، اسے جواب دینے کا موقع دیں۔
- ایک سوال کا درست جواب دینے کے دو نمبر ہیں۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کریں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (منٹ20)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "کمپیوٹر اور اردو" کے بارے میں پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں اور اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔
- سبق "کمپیوٹر اور اردو" میں دیے گئے چند مشکل الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔
- جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنادیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 32 کھلوائیں۔ بچوں کے چار گروہ بنادیں۔
- اب پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔
- وہ ٹوکری باری باری چاروں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔

| |
|---|
| • اس سرگرمی کے لیےان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔<br>• جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔<br>• علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔<br>• دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے مختلف سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/چاک، کتاب "اردو سوم"، چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں، آئس کریم اسٹکیں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار مشکل الفاظ چن کر چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیوں پر لکھیں اور انھیں ایک ٹوکری میں ڈال لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- ایک گروہ میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک مچھلی اٹھانے اور اُس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔
- جب وہ بچہ لفظ کا درست تلفظ ادا کرے تو **"جواب بتاؤ، انعام پاؤ"** کی تکنیک استعمال کریں۔
- اس تکنیک میں مچھلی اُٹھانے والے بچے سے اس لفظ کا جملہ بنانے کے لیے کہیں۔
- اگر وہ اس لفظ کا جملہ نہ بنا پائے تو جماعت میں سے کسی اور بچے کا نام لے کر اسے جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ یہ تکنیک محض تدریس کو دل چسپ بنانے کے لیے ہے۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔
- اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔ اس کے علاوہ ہم الفاظ کا جملوں میں استعمال بھی کریں گے۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ میں سے ایک لفظ "آلہ" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق الفاظ "مہارت، مشق کرنا، منسلک، رابطہ" پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- اب بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔

- درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر تین کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" اور تیسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی اور جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ کاپیوں پر لکھیں اور ان کے معنی لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر/ چاک، کتاب "اردو چہارم"، گتّے کا ڈبا، سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں، چارٹ کی بنی ہوئی پنسل

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور سب بچوں کو السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔ا
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- ایک کپ میں چارٹ کی بنی ہوئی 5 مختلف رنگوں کی پنسلیں رکھ دیں، جن پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں پوچھے گئے پہلے پانچ سوالات لکھے ہوں۔
- دوسرے کپ میں 5 آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی پنسلوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے 5 گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی آئس کریم اسٹکوں میں سے کوئی اٹھالے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی پنسل تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اب ہر گروہ سے کہیں کہ وہ پنسلوں پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔
- اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی پنسل آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔ درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب تفہیم کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے پہلے 5 سوالات بورڈ پر لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔

بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں، پھر ان کے جوابات پوچھیں۔

- سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھ کر ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوالات کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر اپنی کاپیوں میں لکھیں۔
- اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے، ان کی مدد کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوال لکھ کر باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ا۔ درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

(الف) ہارڈ ویئر کسے کہتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

(ب) انٹرنیٹ سے کیا مراد ہے؟

________________________________________

________________________________________

(ج) کمپیوٹر سے ہم کیا کیا کام لے سکتے ہیں؟

________________________________________

________________________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

درست اور غلط جملوں کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مار کر/چاک، کارڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، گھنٹی، ٹوکری، پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر انھیں دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں۔
- خود تالی بجانا شروع کریں اور اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دے۔
- اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔
- اچانک تالی بجانا بند کریں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی۔ اس بچے سے سوال نمبر 1 میں دیے ہوئے سوالات میں سے ایک سوال پوچھیں۔
- بچہ اس سوال کا جواب دے۔
- درست جواب پر اس گروہ کو دو نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیا جائے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر کروائیں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کے پانچ کارڈز اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے چار چار ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ چار چار جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک کارڈ دے دیں۔
- انھیں مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور باہم مشورے سے اس جواب پر دائرہ لگائیں۔
- اس دوران بوڈر پر تمام سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی کارڈ ہو گا، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔

| |
|---|
| • درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔<br>• اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔<br>• سوال نمبر 3 کی سرگرمی کے لیے فقرات کے کارڈز بنا کر بچوں کے گروہوں میں تقسیم کریں۔<br>• انھیں فقرات پڑھ کر غلط درست نشان دہی کرنے کے لیے کہیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں سے غلط درست فقرات کی نشان دہی کروائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 3 کے فقرات بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے غلط درست کی نشان دہی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:4 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع پر اپنے ساتھیوں کے ساتھ گفتگو کر سکیں۔

اکتالیس تا پچاس گنتی اردو لفظوں اور ہندسوں میں لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت چہارم کی کتاب، جملوں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے سوال نمبر 3 کے فقرات کی پرچیاں بنائیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک پرچی دیں۔
- اب انھیں ہدایت کریں کہ پرچی کھول کر جملہ پڑھیں اور غلط/درست فقرات کی نشان دہی کریں۔
- اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد باری باری ہر گروہ سے ایک بچے کو پرچی سمیت بلائیں۔ اسے تفویض کردہ جملہ بورڈ پر لکھنے اور اس کے غلط درست ہونے کی نشاندہی کرنے کے لیے کہیں۔
- درست جواب دینے والے گروہ کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم سبق کو پڑھیں گے اور اس کے اہم نکات کے متعلق بات چیت کریں گے۔
- سوال نمبر 4 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کو سبق سنائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ سبق کو غور سے سنیں۔
- سبق سن کر جو ہم نکات ان کے ذہن میں آئے ہیں وہ اپنے ساتھیوں سے گفتگو کریں اور ان کے نکات بھی سنیں۔
- اس کے بعد بچوں سے بات چیت کریں اور پوچھیں کہ کمپیوٹر نے کس طرح انسانوں کی زندگی آسان کر دی ہے۔
- سوال نمبر 6 کی سرگرمی کروانے کے لیے گتے کا ایک پہیہ بنائیں اور اس پر دس چارٹ کی پرچیاں چسپاں کریں جن پر ۴۱تا۵۰ ہندسی گنتی لکھی ہو۔
- پہیہ گھومتے ہوئے جس نمبر پر رُکے بچے سے وہ ہندسے بورڈ پر لفظی گنتی میں لکھنے کے لیے کہیں۔
- یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) ۴۱تا۵۰ ہندسے بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی لفظی گنتی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 2 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 4 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: کمپیوٹر اور اُردو | |

**مقاصد:** سبق درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

تذکیر و تانیث کے مطابق الفاظ کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹرز اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق کے آغاز میں ایک سرگرمی کریں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 32 کھلوائیں۔
- اب ان کے 5 گروہ بنا دیں۔
- میز پر گتے کا ایک پہیا بنا کر رکھیں جس پر 5 خانے بنے ہوں۔ جن پر 1 تا 5 نمبر لکھے ہوں۔
- باری باری ہر گروہ سے ایک بچہ آ کر پہیا گھمائے پہیا جس نمبر پر رُکے گا وہ گروہ سبق کی اُس سطر کی پڑھائی کرے گا۔
- پڑھائی کے دوران بچوں کو جن الفاظ کی ادائی میں دقت پیش آ رہی ہے تو اساتذہ ان کی رہ نمائی کریں۔
- دورانِ پڑھائی بچوں کو ٹوکا نہ جائے بلکہ شائستگی سے ان کی اصلاح کی جائے۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- اب میز پر ایک ٹوکری رکھیں جس میں مختلف چیزوں جیسے کتاب، دودھ، گھاس وغیرہ کی تصویریں ہوں۔
- اب جماعت میں کسی بچے کو بلا کر اسے ایک تصویر اٹھانے اور اس پر ایک جملہ بولنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کو بتائیں اللہ تعالیٰ نے ہر جاندار چیز کا جوڑا پیدا کیا ہے۔ یہ جوڑا نر اور مادہ پر مشتمل ہوتا ہے۔
- انھیں بتائیں چونکہ غیر جاندار اشیا میں نر اور مادہ کا تصور نہیں ہوتا لیکن بولنے اور لکھنے کے لیے اہلِ زبان انھیں مذکر اور مؤنث قرار دیتے ہیں۔ جیسے تمام پہاڑوں کے نام مذکر ہیں اسی طرح تمام دریاؤں کے نام مذکر ہیں سوائے گنگا اور جمنا۔
- اسی طرح مختلف مثالوں کے ذریعے سے بچوں کو مذکر اور مونث کا فرق سمجھائیں۔ بچوں سے ان کے جملے بھی بنواتے جائیں تاکہ واضح ہو جائے کہ لفظ مذکر ہے یا مونث۔
- اس کے بعد سوال نمبر 8 میں دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کروائیں اور جملے بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں کو ہدایت کریں کہ ان جملوں کو کاپیوں پر لکھیں اور مذکر مونث کی بھی وضاحت کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ میں تین کالم بنائیں ایک میں مذکر، دوسرے میں مونث اور تیسرے میں جملے کی سرخی لکھ دیں۔ اب جماعت میں سے کسی بچے کو بلا کر اسے کوئی لفظ بتائیں اور کہیں کہ وہ متعلقہ کالم میں لکھ کر بتائے کہ لفظ مذکر ہے یا مونث اور متعلقہ جملہ بھی بنائے۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

| الفاظ | مذکر | مونث | جملے |
|---|---|---|---|
| گیند | | | |
| کتاب | | | |
| والدہ | | | |
| اسد | | | |
| قلم | | | |
| بستہ | | | |